بہترین تفریحی فلم



اداکاران: گم گم۔ غنیخ
کے۔ این سنگھ
بھگوان

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے سلام میم صاحب کے

گانا نمبر ۱

میرا دل دیوانہ صنم ہے بیگانہ
وہ ظالم کیا جانے میری چاہت کا افسانہ
بڑا بھولا بھالا ہے دنوں کا اُجالا ہے
جہاں سے نرالا ہے میرا دلربا
جُھکی جُھکی آنکھوں کو دھڑکی سانسوں کو
دبی دبی آہوں کو جانے وہ کیا
اُسے تو آتا ہے میرا دل تڑپانا ۔ وہ ظالم ۔
کسی کی اداؤں نے کسی کی نگاہوں نے
کسی کی جفاؤں نے میرا دل لیا
مگر کبھی کبھی آتا ہے مجھے تڑپاتا ہے
اور چلا جاتا ہے وہ بے وفا
شمع کا دیوانہ نا سمجھے پروانہ ، وہ پروانہ ۔۔۔

گانا نمبر ۲ :۔ کیا پیار نہیں مجھ سے بتلا دے میری جان
یوں بیچ میں نا لٹکا تو کہہ دے ہاں یا نہ
نگاہوں کا اشارہ تو سمجھو جانِ جاں
ہم پیار کرنے والے نہیں کہتے منہ سے ہاں ۔ کیا پیار ۔
اپنوں سے کیا شرمانا ، سمجھو نا مجھے بیگانہ
اقرار محبت کر لو دل کا نذرانہ
رستے ہیں یہ الفت کیسی چاہت ہے اگر کچھ ایسی
آ دور کہیں ہم جائیں دیکھے نا جہاں زمانہ

کہیں چلو مر ایک بار تم کہ دو منہ سے ہاں ۔ لگا ہوں ۔
شرمائے جو تم ملتے ہو تو کتنے جلیں بگڑے ہو
اتنی ہے خرابی تم میں تم تنگ بہت کرتے ہو
ایسا نہ کہو جان یہ بڑائی ہے تمہیں ہے الجھن
اس بات کا ہے سب فکر اُم زلف جو تمہیں کرتے ہو
رنگ نہ دیکھا ڈھنگ نہ دیکھا کیسے کہہ دوں ہاں ۔ کیا
گانا نمبر ۳ ۔ عبداللہ عبداللہ عبداللہ میرا نام عبداللہ
سب کا یار ہوں دلا
ایسے نہ دیکھو جی ہائے اللہ ۔ میرا نام
حسن کا دیوانہ شمع کا پروانہ
میں تیرا ہوں ظالم تو نے نا پہچانا
مجھے تو نے تو دل سے بھلایا مگر
تجھ کو نا بھولوں گا میں دلا ۔ میرا نام
یہ ادائیں یہ شباب ہیں جن کا جواب
مجھے بڑی خوشی ہوئی آپ سے مل کے جناب
سلام میم صاحب لیلو نشانی میری جھلا ۔ میرا نام
نرگسی آنکھوں میں جانے کیا جادو ہے
جسے بھی دیکھا ہے وہ بے قابو ہے
دل میرا تو نے لوٹا ہے او نازنین
تیری ادائیں سبحان اللہ ۔ میرا نام
گانا نمبر ۴ ۔ ہم بھی اکیلے تم بھی اکیلے دنیا کا ڈر کیا
تم تو محبت کرے گا
روپ صورت اس پہ محبت جا دیوانے جا
تو کیا محبت کرے گا

دیکھو جی دِل نا توڑو میرا پہلا پہلا پیار ہے
جاؤ جی رہنے چھوڑو میرا دِل تم سے بیزار ہے
ہائے ہائے تو پھر میں کہاں جاؤں
جاؤ جہنم مجھکو کیا تم جانیے میری بلا — تو کیا —
کر لئے ہو دیکھو کاہے سے تم نے لے ایمان ہو
جو بھی چاہو سو کہو تو تم تو میری جان ہو
کسی طرح تو میری جان چھوڑو
دُنیا چھوڑوں سائیں نہ چھوڑوں میں گوری تیرا آدھار ہم..
اپنے دیوانے کو نہ دور سے تڑپایئے
میری تو سنتے نہیں جائیے جی جائیے
حکم تو دیجئے ذرا آنکھیں بند کیجئے — کر لی
کیجئے نفرت کر لی محبت اور کرو گے کیا ہم تو —
گانا نمبر ۵ :- ذرا سی بات پیار کی زبان سے نکل گئی
حضور کیا خطا ہوئی نگاہ کیوں بدل گئی
ذرا اِدھر تو دیکھئے نگاہ پھر تو ملایئے
یہ نرم نرم ہونٹ اس طرح نا دانتوں سے دبایئے
یہ ہونٹ کیا دبے یہاں تو جان ہی نکل گئی — حضور —
ہمارے پیار کا خواب غیروں کو نہ دیجئے
ذرا سنبھل کے بیٹھئے یہ بننا تو بھول جائیے
یہ آپ کیا چلے یہاں چھری سی دل پہ چل گئی — حضور —
ذرا شریف لڑکیوں سے بات کرنا سیکھئے
پھر اس کے بعد آئینے میں اپنی شکل دیکھئے
ہمارے مہمان تھے تو بات آپ کی ٹل گئی
نہیں تو لوگ پوچھتے یہ شکل کیوں بدل گئی — ذرا سی —

گانا نمبر ۱۶: - مجرم ہیں اور جرم کا اقرار بھی نہیں
کرتے ہیں قتل اور گنہگار بھی نہیں
اس سادگی پہ کون نہ مر جائے اے خدا
لڑتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں ہائے ہائے
آج غصے میں یہ بیٹھے ہیں خدا خیر کرے
جانے کس بات پہ بگڑتے ہیں خدا خیر کرے
آج غصے میں

- ادھر چپ ہیں یہاں جان پہ بن آئی ہے
ان کی خاموشی میرے پیار کی رسوائی ہے
اُف یہ انداز یہ بگڑے ہوئے تیور اُن کے
کون اُلجھے گا بھلا کس کی قضا آئی ہے
ہاتھ پر ہاتھ مسلتے ہیں خدا خیر کرے۔ آج غصہ میں —
- وہی ہے جو دل و جان فدا کرتے ہیں
مجھ سے ملنے کی تمنا میں جیا کرتے تھے
آج کیوں آنکھ چراتے ہیں یہ اللہ جانے
جو ہمیشہ میری آنکھوں میں رہا کرتے تھے
میرا دل لیکے مکرتے ہیں خدا خیر کرے - آج غصے —
- کون سمجھائے بھلا حسن کے دیوانوں کو
شمع کی لَو پہ مچلتے ہوئے پروانوں کو
دل لگانے تو حسینوں سے چلے آتے ہیں
پیار کرنے کا سلیقہ نہیں نادانوں کو
پیار کو کھیل سمجھتے ہیں خدا خیر کرے - آج غصے میں —
گانا نمبر ۱۷: - کہیے کیسا مزاج ہے آپکا
کیا ارادہ ہے آخر جناب کا

ارے ارے آپ تو بگڑنے لگے
نہیں نہیں آپ کو سمجھنے لگے ۔ کہیئے —
جس دِن سے پیار ہوا دِل بے قرار ہوا
جینا دشوار ہوا تیری قسم
یوں نا ستایا کرو یُوں نا جلایا کرو جی
ہمیں نا کھایا کرو جھوٹے قسم
تیرا دیوانہ ہوں تیری قسم
کیا بھروسہ ہے مردوں کی ذات کا ۔ کیا ارادہ —
نظروں نے جان لیا دِل نے پہچان لیا
تو ہم نے مان لیا اپنا تمہیں
مشکل سے بات بنی دِل کو بس یہ ہے خوشی
تم نے سمجھا تو سہی اپنا ہمیں
دیکھو جی ایسے نا دیکھو ہمیں
سارا جھگڑا تھا اِتنی سی بات کا ۔ کیا ارادہ —
یہ رُت یہ پیارا سماں، دِل کی دُنیا ہے جواں
یہ باتیں روز کہاں جانِ وفا
ایسے میں دِل بھی میرا مستی میں جھوم اُٹھا
ہلکا ہلکا سا نشہ چھانے لگا
اب زندگی کا مزا آنے لگا
کر لو وعدہ پھر کل کی ملاقات کا
کیا ارادہ —

گانا نمبر ۸

کہنا میرا آج مان لے دشمن زمانہ ہے جان لے
تو ہے لگا ہوں میں پیار کی راہوں میں

دھوکا نہ کھانا میرے دلبر یا۔ کہنا۔
دنیا کی نظریں بدلی ہوئی ہیں رے
دل میں چھپا لوں آ تجھے
جھوٹے نظارے ہیں جھوٹے اشارے
جھوٹی بہاریں ہے من ذرا۔ کہنا۔
دنیا کھلاڑی تو ہے اناڑی
پھنس نا جانا جال میں
جو تجھ کو گھیرے بنے چور لٹیرے
ہیں دشمن تیرے ہیں لوٹ جا۔ کہنا۔
ختم شد

فلم ایکٹنگ گائڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ضروری ہے تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے بنے ایکٹروں اور ایکٹرسیوں کے حالات۔ نیز پرائیویٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو

قیمت صرف ۔/۱ علاوہ محصول ڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

صنعت وحرفت الیکٹریکل اور میکینک

دستکاری اور ہنری بنانے والی کتابیں

الیکٹرک گائیڈ	4/-/-	سرگنگا رام پاکٹ بک	12/-/-
موٹر گائیڈ	4/-/-	کپڑے رنگنے کا ہنر	2/8/-
ورکشاپ گائیڈ	3/-/-	مکمل فوٹوگرافی	2/8/-
کروڈ آئیل	5/-/-	روشنائی سازی	2/-/-
تیل عطر سازی	2/-/-	شیشہ سازی	2/-/-
گھڑی سازی	2/8/-	خوبصورت بٹو	1/8/-
ریڈیو گائیڈ	4/-/-	اچار مربے چٹنی	1/8/-
صابون سازی	1/8/-	باورچی خانہ	2/8/-
ونکر مادین	4/-/-	مجموعہ عمر دا لتامہ	1/-/-
الیکٹرک وائرنگ	4/-/-	ٹھیکیدار گائیڈ	4/-/-
خراد شکشا	3/-/-	خنزی بیماریاں	1/4/-
آئیل انجن گائیڈ	5/-/-	کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-
ہماکو کی دستکاری	2/-/-	کاشتکاری باغبانی	4/-/-
بوٹ پالش بنانا	2/8/-	مکمل مرغی خانہ	4/-/-
بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-	سینما مشین آپریٹر	4/-/-
بلا خبر بجلی کا ریڈیو بنانا	1/8/-	دھوپ اگربتی بنانا	1/8/-

ملنے کا پتہ

رتن اینگلو ویکیولر دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)